https://dailybalochistanobserverquetta.com.pk/

dailybalochistanobserver@gmail.com

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ABC Certified | کوئٹہ سے شائع ہونیوالا بلوچستان کا کثیرالاشاعت روزنامہ

روزنامہ Daily BALOCHISTAN OBSERVER Quetta کوئٹہ

بلوچستان آبزرور

چیف ایڈیٹر نثار احمد

جلد 19 | منگل 28 جولائی 2026ء | 13 صفر 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 112

ہیپاٹائٹس سی کے خاتمے کیلئے وزیراعظم قومی پروگرام کا آغاز تاریخی اور غیر معمولی اقدام ہے

شہریوں کی ہیپاٹائٹس کی سنگین جان لیوا اقسام سے بچاؤ کیلئے معیاری سکریننگ، تشخیص اور علاج کی سہولیات تک بلاامتیاز رسائی حکومت کی اولین ترجیح ہے

سکریننگ کے علاوہ جن افراد کو مزید تشخیص اور علاج کی ضرورت ہے انہیں کسی مالی بوجھ کے بغیر پروگرام میں شامل کیا جا رہا ہے، وزیراعظم کا ہیپاٹائٹس کے خاتمے کیلئے غیر متزلزل حکومتی عزم کا اعادہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے شہریوں کی ہیپاٹائٹس کی سنگین جان لیوا اقسام سے بچاؤ کے لئے معیاری سکریننگ، تشخیص اور علاج کی سہولیات تک بلاامتیاز رسائی کو حکومت کی اولین ترجیح قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہیپاٹائٹس سی کے خاتمے کے لئے وزیراعظم قومی پروگرام کا آغاز ایک تاریخی اور غیر معمولی اقدام ہے۔ ہیپاٹائٹس کے عالمی دن پر جاری بیان میں وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان ہیپاٹائٹس کے عالمی دن پر دنیا کے ساتھ مل کر اس موذی مرض کے خاتمے کے لئے اپنے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کرتا ہے۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان ہیپاٹائٹس سی کے سب سے زیادہ متاثرہ ممالک میں شامل (بقیہ 2 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ میں ٹریفک مسائل کے مستقل حل کیلئے جدید اے آئی بیسڈ ٹریفک سگنلز نصب کرنے کا فیصلہ

شہریوں کی سہولت اور محفوظ ٹریفک نظام حکومت بلوچستان کی اولین ترجیح ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت پیر کو منعقدہ ایک اہم اجلاس میں صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں ٹریفک مسائل کے مستقل حل کیلئے جدید (بقیہ 11 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم سے چینی سفیر کی ملاقات، مشرقِ وسطیٰ، افغانستان، جنوبی ایشیا سمیت خطے کی مجموعی صورتحال پر تبادلہ خیال

دونوں ممالک کی قیادت کے درمیان طے پانے والے اہم فیصلوں اور معاہدوں پر عملدرآمد کیلئے دونوں فریق قریبی تعاون جاری رکھیں گے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان اور چین کے درمیان ہمہ جہت اسٹریٹجک تعاون پر مبنی شراکت داری کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ جاری بیان کے مطابق پیر کو وزیراعظم شہباز شریف سے چینی سفیر جیانگ زائی ڈونگ نے ملاقات (بقیہ 7 صفحہ 3 پر)

جنرل سید عامر نے کمانڈر نیشنل اسٹریٹجک کمانڈ کا منصب سنبھال لیا، فیلڈ مارشل سے بھی ملاقات

راولپنڈی (این این آئی) جنرل سید عامر رضا نے کمانڈر نیشنل اسٹریٹجک کمانڈ کا منصب سنبھال لیا، جس پر انہیں گارڈ (بقیہ 5 صفحہ 3 پر)

جنگ بندی کے اشارے ملنے پر عالمی مارکیٹ میں خام تیل 100 ڈالر سے نیچے آ گیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکا اور ایران کے درمیان جاری کشیدگی میں کمی کے اشاروں کے بعد عالمی منڈی میں خام (بقیہ 6 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر صادق عمرانی اور رکن اسمبلی زرک خان مندوخیل ملاقات کر رہے ہیں

پاکیستان کاروبار دوست ماحول کی فراہمی، غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے ساختی اصلاحات پر عمل پیرا ہے

فیلڈ مارشل سے امریکی ایوانِ نمائندگان کے 2 ارکان کی جی ایچ کیو میں ملاقات، علاقائی سلامتی، دوطرفہ دفاعی اور اقتصادی تعاون پر تبادلہ خیال

راولپنڈی (این این آئی) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے امریکی ایوانِ نمائندگان کے رکن ریان کیتھ زنکے اور مائیکل جیمز نے جنرل ہیڈکوارٹرز راولپنڈی میں ملاقات کی۔ آئی ایس پی آر سے جاری بیان کے مطابق ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی سلامتی، دوطرفہ دفاعی تعاون اور اقتصادی تعاون و خوشحالی کے فروغ کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ بیان کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے پاکستان (بقیہ 1 صفحہ 3 پر)

بھارتی وزیر دفاع کا بیان مسترد، کسی بھی مہم جوئی کیلئے تیار، پاکستان

بھارت خطے میں دہشت گردی کی سرپرستی اور داخلی عدم استحکام سے توجہ ہٹانا چاہتا ہے، عالمی برادری بھارت کے مسلسل جارحانہ طرز عمل کا نوٹس لے

جموں و کشمیر تنازع اقوام متحدہ کے ایجنڈے پر موجود ہے، بھارتی وزیر دفاع کا بیان جموں و کشمیر تنازع کے حقائق کو مسخ کرتا ہے، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے بھارتی وزیر دفاع کے اشتعال انگیز بیانات کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ کسی بھی بھارتی مہم جوئی کا سامنا کرنے کیلئے تیار ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق جموں و کشمیر تنازع اقوام متحدہ کے ایجنڈے پر موجود ہے، بھارتی وزیر دفاع کا بیان جموں و کشمیر تنازع کے حقائق کو مسخ کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کے بے بنیاد الزامات کا مقصد مقبوضہ جموں و کشمیر پر قبضے سے توجہ ہٹانا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ بھارت حکومت علاقائی اور عالمی امن و سلامتی خطرے میں ڈالنے کی پالیسی پر گامزن ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت پاکستانی عوام اور حکومت کے غیر متزلزل عزم کو کمزور نہ سمجھے، پاکستان کسی بھی بھارتی مہم جوئی کا بھرپور مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ معرکہ حق کے دوران پوری قوم اور مسلح افواج نے اس عزم کا مظاہرہ کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ بھارت خطے میں دہشت گردی کی (بقیہ 3 صفحہ 3 پر)

میر پور مکیال میں میرا کارکن شہید ہو گیا

متعلقہ حکام کہاں ہیں؟ بلاول بھٹو زرداری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے ایل اے 9 کوٹلی 2 مکیال میں جیالے مختار یونس کی شہادت پر لواحقین سے اظہار افسوس کرتے ہوئے سوال کیا ہے کہ میر پور مکیال میں میرا کارکن شہید ہو گیا، متعلقہ حکام کہاں (بقیہ 10 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے بورڈ آف گورننس کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان میں سرمایہ کاری کے فروغ اور تجارت کے مواقع بڑھانا حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے، سرفراز بگٹی

بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ سرمایہ کاروں کو سہولت فراہم کرنے، سرمایہ کاری کے عمل کو آسان بنانے اور نجی شعبے کے اعتماد کو مزید مضبوط کرنے کیلئے مؤثر اقدامات کرے

حکومت بلوچستان سرمایہ کاری کے فروغ، روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے اور پائیدار معاشی ترقی کیلئے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا اجلاس پیر کے روز چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات و منصوبہ بندی زاہد سلیم، بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے وائس چیئرمین بلاول خان کاکڑ، چیف ایگزیکٹو آفیسر قائم خان لاشاری، پرنسپل (بقیہ 4 صفحہ 3 پر)

ہرمز کے آس پاس ایرانی اہداف پر حملے اب کارگر نہیں رہے، امریکی فوج کا ٹرمپ کو مشورہ

ٹرمپ حملوں کا مقابلہ کرنے کیلئے استعمال ہونے والے انٹرسپٹرز کے ذخیرے میں کمی کے بارے میں بھی فکرمند ہیں، ذرائع

واشنگٹن (این این آئی) مشرق وسطیٰ میں تعینات سینئر امریکی کمانڈر ایڈمرل بریڈ کوپر نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو مشورہ دیا ہے کہ آبنائے ہرمز کے آس پاس ایرانی (بقیہ 12 صفحہ 3 پر)

پینٹاگون کا بڑا اعتراف، ایران جنگ میں 18 امریکی فوجی ہلاک

واشنگٹن (این این آئی) امریکی محکمہ دفاع (پینٹاگون) نے ایران کے خلاف جاری جنگ سے متعلق امریکی فوجیوں کے جانی نقصانات کی تازہ ترین رپورٹ (بقیہ 13 صفحہ 3 پر)

ایران روس کو ہتھیار فراہم کرکے یوکرین کیخلاف جنگ میں شامل ہو چکا، یوکرینی صدر زیلنسکی

کیف (این این آئی) یوکرینی صدر وولودیمیر زیلنسکی نے کہا ہے کہ ایران پہلے ہی روس کو ہتھیار فراہم کر کے یوکرین کے خلاف جنگ میں شامل ہو چکا ہے، ممکنہ نئے (بقیہ 15 صفحہ 3 پر)

مالیاتی ترسیل سے متعلق پالیسی اور انتظامی مسائل کے مؤثر حل کو یقینی بنانا چاہیے، محمد اورنگزیب

منصوبے کا مقصد عوام کو کم لاگت الیکٹرک بائیکس اور ای رکشوں کی فراہمی کے ذریعے ماحول دوست ٹرانسپورٹ کی جانب منتقل کرنا ہے

وزیر خزانہ کی زیر صدارت رسائی برائے مالیات سٹیئرنگ کمیٹی کا پہلا اجلاس، ایکسیس ٹو فنانس پلان پر تیز رفتار عملدرآمد کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے وزیراعظم کے ایکسیس ٹو فنانس پلان 2028-2026 پر تیز رفتار عملدرآمد کیلئے قائم رسائی برائے مالیات سٹیئرنگ کمیٹی کے پہلے اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں، زراعت، انفارمیشن ٹیکنالوجی (آئی ٹی)، برآمدات، قابل تجدید توانائی اور ہاؤسنگ سمیت ترجیحی (بقیہ 14 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: وفاقی وزراء صدیق ملک اور شزا فاطمہ خواجہ این آئی ٹی بی کی ہدایات کا آڈٹ کرنے والی کمیٹی کے پہلے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

خضدار، نامعلوم مسلح افراد نے 4 افراد کو گاڑی سمیت اغواء کر لیا

پروجیکٹ کے ملازمین کے اغواء کے بعد کمپنی نے سیکورٹی خدشات کے بعد پروجیکٹ پر کام بند کر دیا ہے

کوئٹہ (این این آئی) خضدار کے علاقے سے نامعلوم مسلح افراد نے 4 افراد کو گاڑی سمیت اغواء کر لیا۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق پیر کو خضدار کے علاقے سے نامعلوم (بقیہ 21 صفحہ 3 پر)

پاک وطن پارٹی کے چیئرمین میر سیف اللہ خان ڈومکی فائرنگ سے زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) پاک وطن پارٹی کے چیئرمین سابق تحصیل چیئرمین بختیار آباد میر سیف اللہ خان ڈومکی (بقیہ 28 صفحہ 3 پر)

ڈیرہ اللہ یار پولیس نے فائرنگ کے تبادلے کے بعد 2 ڈاکوؤں کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ اللہ یار پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان فائرنگ دو ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار پولیس کے (بقیہ 27 صفحہ 3 پر)

نیشنل انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ سے متعلق جاری ہدایات کا جائزہ لینے، کے آڈٹ کیلئے قائم کمیٹی کا اجلاس

کمیٹی کا آئندہ چند روز میں دوبارہ اجلاس منعقد کر کے ہدایات پر عملدرآمد کی پیشرفت کا مزید جائزہ لینے، آئندہ کے لائحہ عمل پر غور کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی ڈاکٹر مصدق ملک نیوز یراعظم کی ہدایات پر نیشنل انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ (این آئی ٹی بی) سے متعلق جاری ہدایات کا جائزہ لینے اور ان کے آڈٹ کیلئے قائم کمیٹی کے پہلے اجلاس کی صدارت کی۔ پیر کو وزارت موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی سے جاری بیان کے (بقیہ 31 صفحہ 3 پر)

نصیر آباد، نامعلوم افراد نے بجلی کے ٹاور کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا

خانکوٹ میرواہ سمیت دیگر علاقے تاریکی میں ڈوب گئے واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) نصیر آباد کے علاقے میں نامعلوم افراد نے بجلی کے ٹاور کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا۔ پولیس کے مطابق نصیر آباد کے علاقے تمبو خان کوٹ پولیس تھانے کی حدود میں اوستہ محمد سے تمبو جانے والی بجلی کے 33 ہزار کے وی کھمبے کو نامعلوم دہشت گردوں نے بارودی سرنگ کے دھماکے سے تباہ کر دیا گیا جس سے خانکوٹ میرواہ سمیت دیگر علاقے تاریکی (بقیہ 32 صفحہ 3 پر)

بھارت پروپیگنڈے سے بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ قانونی حقائق مسخ نہیں کر سکتا، خواجہ آصف

مقبوضہ کشمیر عالمی سطح پر تسلیم شدہ متنازعہ علاقہ ہے، مستقبل کا فیصلہ سلامتی کونسل کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق ہونا ہے

بھارت اپنے جارحانہ توسیع پسندانہ عزائم کے ذریعے پورے خطے کو یرغمال بنائے ہوئے ہے، وزیر دفاع

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کشمیر سے متعلق گمراہ کن اور جھوٹے بھارتی بیانیے پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ بھارت پروپیگنڈے سے بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ قانونی حقائق مسخ نہیں کر سکتا۔ جاری بیان میں خواجہ آصف نے کہا کہ پاکستان بھارتی وزیر دفاع کے غیر ذمہ دارانہ بیانات کو دوٹوک انداز میں مسترد کرتا ہے، ایسے بیانات حقائق کو پروپیگنڈے سے مسخ کرنے کی ایک اور ناکام کوشش ہے، گمراہ کن بھارتی بیانات مقبوضہ کشمیر کی متنازعہ حیثیت تبدیل نہیں کر سکتے۔ وزیر دفاع نے کہا کہ یہ گمراہ کن بھارتی بیانات خطے کے امن (بقیہ 29 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے خزانہ محمد اورنگزیب سے 'اڑان سمندر پار پاکستانی سمر سکالرز پروگرام' کے شرکاء ملاقات کر رہے ہیں

ایران سے اچھی بات چیت ہو رہی ہے، بہت امکان ہے کچھ نہ کچھ ہو جائیگا، ٹرمپ

امریکا اس وقت سعودی عرب اور حوثیوں کے تنازع میں شامل نہیں، مگر ضرورت پڑی تو مداخلت کر سکتے ہیں

ہمارے پاس کافی وقت ہے، ابھی ہم ایران سے بات چیت کر رہے ہیں، امریکی صدر

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران سے اچھی بات چیت ہو رہی ہے، بہت امکان ہے کہ کچھ نہ کچھ ہو جائیگا۔ مشی گن روانہ ہونے کے بعد دوران سفر طیارے میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے امریکی صدر نے کہا کہ ہمارے پاس کافی وقت ہے، ابھی ہم ایران سے بات چیت کر رہے ہیں، ہماری ایران سے اچھی بات چیت ہو رہی ہے، بہت امکان ہے کہ کچھ نہ کچھ ہو جائے گا۔ ٹرمپ نے (بقیہ 25 صفحہ 3 پر)

مغربی کنارے میں اسرائیلی فوج کا کریک ڈاؤن تیز، سینکڑوں گرفتار

یہودی آباد کار بھی لوٹ مار اور فلسطینیوں پر حملوں میں شامل ہو گئے، عرب ٹی وی

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) مقبوضہ مغربی کنارے میں اسرائیلی فوج نے فلسطینی باشندوں کے خلاف کریک ڈان تیز کر دیا اور سینکڑوں فلسطینیوں کو گرفتار کر لیا، دوسری طرف یہودی آباد کاروں نے بھی مقامی مسلمانوں پر حملے تیز کر دیئے۔ عرب ٹی وی کے مطابق اسرائیلی فوج نے مقبوضہ مغربی کنارے میں جارحانہ کریک ڈاؤن شروع کرتے ہوئے کئی قصبوں اور دیہاتوں پر دھاوا بول دیا اور سینکڑوں فلسطینیوں کو حراست میں لے لیا۔ اسرائیلی فوج نے یہ (بقیہ 26 صفحہ 3 پر)

بلوچستان میں امن و امان قائم کرنے میں مسلسل ناکامی لمحہ فکریہ ہے، مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ

ام اب پانی، بجلی، تعلیم، علاج اور روزگار جیسے بنیادی مسائل سے بھی بڑھ کر امن چاہتے ہیں

اگر عوام کو مؤثر سکیورٹی فراہم کی جائے تو بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال بہتر ہو سکتی ہے، صوبائی امیر جماعت اسلامی

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن بلوچستان اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ وفاق، ریاستی طاقتور اداروں اور سکیورٹی فورسز کی بلوچستان میں امن و امان قائم کرنے میں مسلسل ناکامی لمحہ فکریہ ہے۔ عوام اب پانی، بجلی، تعلیم، علاج اور روزگار جیسے بنیادی مسائل سے بھی بڑھ کر امن چاہتے ہیں، اور ہر صورت اور ہر قیمت پر امن کا قیام ان کا بنیادی مطالبہ بن چکا ہے۔ سکیورٹی ادارے (بقیہ 22 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں اے آئی بیسڈ ٹریفک سگنلز کی فعالیت سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

حکومت چینی سرمایہ کاروں اور کاروباری لوگوں کو ہر ممکن سہولت فراہم کر رہی ہے، صدر زرداری

پاکستان، چین کے ساتھ اپنی آل ویدر اسٹریٹجک کوآپریٹو پارٹنرشپ کو انتہائی اہمیت دیتا ہے

صدر آصف علی زرداری کی سندھ حکومت اور چینی کمپنیوں کے درمیان مفاہمتی یادداشتوں اور دیگر تعاون پر مبنی منصوبوں پر تیزی سے عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا اجلاس پیر کے روز چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات و منصوبہ بندی زاہد سلیم، بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے وائس چیئرمین بلاول خان کاکڑ، چیف ایگزیکٹو آفیسر قائم خان لاشاری، پرنسپل (بقیہ 4 صفحہ 3 پر)

بانی پی ٹی آئی رہائی فورس کبھی قائم نہیں ہوئی، سہیل آفریدی

آئینی درخواست سیاسی مقاصد اور غلط بیانی پر مبنی ہے۔ آئینی درخواست قبل از وقت، فرضی اور ناقابلِ سماعت ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی رہائی فورس کبھی قائم نہیں ہوئی، آئینی درخواست سیاسی مقاصد اور غلط بیانی پر مبنی ہے۔ آئینی درخواست قبل از وقت، فرضی اور ناقابلِ سماعت ہے (بقیہ 24 صفحہ 3 پر)

ڈاکٹر مصدق ملک کی زیر صدارت نیشنل انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کے آڈٹ کیلئے قائم کمیٹی کا اجلاس

ہدایات پر عملدرآمد کی پیشرفت کا مزید جائزہ لینے، آئندہ کے لائحہ عمل پر غور کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی ڈاکٹر مصدق ملک نیوز یراعظم کی ہدایات پر نیشنل انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شعبہ ہدایات کا جائزہ لینے اور ان کے آڈٹ کیلئے قائم کمیٹی کے پہلے اجلاس کی صدارت کی۔ پیر کو وزارت موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی سے جاری بیان کے مطابق اجلاس میں وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شعبہ فاطمہ خواجہ، سیکرٹری

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے گولف ایسوسی ایشن کے سیکرٹری کیپٹن (ر) سید اصغر علی شاہ کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

شہدا ہمارا فخر، قومی وقار کی علامت، قوم عظیم قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کر سکتی، محسن نقوی

پاکستان کے شہدا ہمارا فخر اور قومی وقار کی علامت ہیں، وفاقی وزیر داخلہ کا کیپٹن محمد سرور شہید کو خراجِ عقیدت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیرِ داخلہ محسن نقوی نے نشانِ (بقیہ 19 صفحہ 3 پر)

پاکستان کی سعودی عرب پر ڈرون حملوں کی شدید مذمت، مکمل یکجہتی کا اظہار

پاکستان کا سعودی عرب کی خودمختاری، علاقائی سلامتی، امن اور خوشحالی کے لیے اپنی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے سعودی عرب پر ڈرون حملوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے مکمل یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔ پاکستان نے سعودی عرب پر ڈرون حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ یہ حملے خطے کے امن و استحکام کے لیے سنگین خطرہ ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ پاکستان سعودی عرب کے پر کیے گئے ڈرون حملوں کی بھرپور (بقیہ 16 صفحہ 3 پر)

عوامی آگاہی، بروقت تشخیص اور مؤثر علاج ہی صحت مند اور ہیپاٹائٹس سے پاک معاشرے کی ضمانت ہیں، سید یوسف رضا گیلانی

شہری احتیاطی تدابیر اختیار کریں، بروقت ہیپاٹائٹس کا ٹیسٹ کرائیں، دوسروں کو بھی اس حوالے سے آگاہ کریں، چیئرمین سینیٹ کی اپیل

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ عوامی آگاہی، بروقت تشخیص اور مؤثر علاج ہی صحت مند اور ہیپاٹائٹس سے پاک معاشرے کی ضمانت ہیں، پوری قوم ہیپاٹائٹس کے خاتمے کے لئے متحد ہو کر کردار ادا کرے۔ (بقیہ 17 صفحہ 3 پر)

کاروباری رجسٹریشن کا نظام آسان اور سہل بنایا جا رہا ہے، جام کمال

ایس ایم ایز کیلئے صنعتی سٹیٹس پیداوار، روزگار اور برآمدات میں اضافہ کریں گے، ٹیکس نیٹ میں توسیع نئے کاروباروں کی دستاویزی شمولیت سے ہوگی

وزیر تجارت سے اسلام آباد چیمبر آف اسمال ٹریڈرز اینڈ اسمال انڈسٹریز کے وفد کی ملاقات، ٹیکس اصلاحات سمیت مختلف امور پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے اسلام آباد چیمبر آف اسمال ٹریڈرز اینڈ اسمال انڈسٹریز کے وفد نے پیر کو ملاقات کی۔ ترجمان وزارت تجارت کے مطابق ملاقات میں ایس ایم ایز، ٹیکس اصلاحات، صنعتی انفراسٹرکچر اور کاروباری آسانیوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر تجارت نے کہا کہ حکومت ایس ایم ایز کے فروغ اور صنعت کاری کیلئے کاروبار دوست ماحول فراہم کرے (بقیہ 18 صفحہ 3 پر)

وفاقی وزیر پٹرولیم نے آئل مینکر کنٹرز ایسوسی ایشن کے مسائل کے حل کیلئے کمیٹی قائم کر دی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک سے آئل مینکر کنٹرز ایسوسی ایشن (او ٹی سی اے) کے صدر عابد اللہ آفریدی کی قیادت میں وفد نے ملاقات (بقیہ 20 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں اے آئی بیسڈ ٹریفک سگنلز کی فعالیت سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

روزنامہ Daily BALOCHISTAN Observer Quetta
بلوچستان آبزرور کوئٹہ
پبلشر نثار احمد نے الکریم پرنٹنگ پریس سریاب پھاٹک بلمقابل سیلانی ویلفیئر سریاب روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بلوچستان آبزرور فلیٹ #2 یونیورسل کمپلیکس سیکنڈ فلور فیز ii جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
کوئٹہ فون نمبر 03312634009۔اسلام آباد بیورو چیف 03335190142

کویت پاکستان کا دفاعی شعبے میں تعاون کا معاہدہ

کویت اور پاکستان کے درمیان دفاعی شعبے میں تعاون کا معاہدہ ہوگیا ہے اورکویتی حکومت نے اس کی منظوری دے دی ہے۔عرب میڈیا کے مطابق باضابطہ منظوری کوسرکاری گزٹ میں شائع کردیا گیا ہے،منظوری حکم نامہ نمبر 73 آف 2026 کےتحت سرکاری گزٹ کویت الیوم میں شائع ہوا ہے۔معاہدے کے متن کے مطابق حکم نامہ 11 جون 2023 کوکویت میں طے پانے والے معاہدے کی منظوری دیتا ہے،تعاون کا مقصد دفاعی تعلقات کومضبوط بنانا ہے۔فوجی تربیت،تعلیم اور مسلح افواج میں تعاون کیلئے فریم ورک قائم کرنا ہے،باہمی اتفاق سے فوجی تربیت اور تعلیم،لاجسٹک تعاون،فوجی اہلکاروں کے تبادلے کا احاطہ شامل ہے۔معاہدے میں تکنیکی ماہرین،سائنسی وتکنیکی تعاون،ملٹری انٹیلی جنس اور دیگر شعبوں کا احاطہ کیا گیا ہے۔معاہدے پر عمل درآمد کیلئے دونوں ممالک ایگزیکٹو پروٹوکول اور پروگرام کے ذریعے سالانہ منصوبے تیار کریں گے۔معاہدہ مختلف سطحوں پر سرکاری دوروں کے تبادلے کے ذریعے تعاون بڑھانیکا بھی بندوبست کرتا ہے۔معاہدے پر عملدرآمد اور رابطہ کاری اور نگرانی کیلئے مشترکہ فوجی کمیٹی قائم کی جائے گی، دونوں ممالک کے وزرائے دفاع کی مقرر کردہ کمیٹی سال میں ایک بار اجلاس منعقد کریں گے، دونوں فریقوں کے درمیان تبادلہ شدہ خفیہ معلومات کے تحفظ کی دفعات شامل ہیں۔معاہدے کے متن کے مطابق کلاسیفائیڈ دستاویزات، معلومات اور مواد دوسرے فریق کی تحریری اجازت کے بغیر کسی تیسرے فریق سے شیئر نہیں کی جاسکتی، دونوں ممالک تبادلے کی معلومات کی رازداری کو برقرار رکھنے کا عہد بھی کرتے ہیں، معاہدے کے ختم ہونے کے بعد بھی یہ ذمہ داری جاری رہتی ہے، مالیاتی انتظامات کے تحت معاہدہ باہمی تعاون کے اصول پر مبنی ہے، سرکاری دوروں پر آئے وفود کا اندرونی سرکاری سفر، رہائش اور ہنگامی طبی علاج کے اخراجات میزبان ملک برداشت کریگا۔معاہدے کی دفعات دوسرے بین الاقوامی معاہدوں یا معاہدوں کے تحت کسی بھی ملک کے حقوق یا ذمہ داریوں کو متاثر نہیں کریں گی، معاہدے کی تشریح یا نفاذ سے پیدا کوئی بھی تنازع دونوں فریقوں کیدرمیان مشاورت سے خوش اسلوبی سے حل کیا جائیگا، تنازع کسی تیسرے فریق یا ملکی یا بین الاقوامی عدالت سے رجوع نہیں کیا جائیگا۔

مشورہ دینے کی عادت

ہمارے معاشرے میں مشورہ دینا ایک عام سماجی رویہ سمجھا جاتا ہے۔ بہت سے لوگ بلا ضرورت دوسروں کے معاملات میں رائے دینا اپنا حق یا فرض سمجھتے ہیں، لیکن ہر مشورہ فائدہ مند نہیں ہوتا۔ نفسیات بتاتی ہے کہ جب مشورہ مناسب وقت، درست انداز اور متعلقہ معلومات کے بغیر دیا جائے تو وہ مدد کے بجائے ذہنی اور نفسیاتی دباؤ کا باعث بن سکتا ہے۔ بہت سے لوگ اپنی زندگی کے فیصلے خود کرنا چاہتے ہیں، مگر ہر قدم پر انہیں بلا ضرورت آراء اور ہدایات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ نتیجتاً ان کا اعتماد کم ہونے لگتا ہے، پریشانی بڑھتی ہے اور تعلقات میں فاصلے پیدا ہوجاتے ہیں۔ بہت سے تنازعات اور غلط فہمیاں بھی اس وقت جنم لیتی ہیں جب لوگ سننے کے بجائے مشورہ دینے کو زیادہ اہمیت دیتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ ہر شخص کو ہر وقت مشورے کی نہیں بلکہ اپنی بات توجہ سے سنے جانے، سمجھے جانے اور اس کی رائے کا احترام کیے جانے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس لیے مشورہ دینے سے پہلے یہ سمجھنا ضروری ہے کہ کیا سامنے والے شخص کو واقعی اس کی ضرورت محسوس ہورہی ہے یا نہیں۔ روزمرہ زندگی میں اس کی بے شمار مثالیں ملتی ہیں۔ فرض کریں ایک نوجوان اپنی پسند کے شعبے میں تعلیم حاصل کرنا چاہتا ہے، مگر گھر والے، رشتہ دار اور دوست سب اپنی اپنی الگ رائے دیتے ہیں۔ نتیجتاً وہ مزید الجھن کا شکار ہوجاتا ہے اور اپنا اصل مقصد بھی بھول بیٹھتا ہے۔ اگر اس وقت اس کی خواہشات، صلاحیتوں اور دلچسپیوں کو سمجھنے کی کوشش کی جاتی تو شاید وہ زیادہ پراعتماد فیصلہ کرسکتا۔ اسی طرح بہت سے لوگ کاروبار، ملازمت یا شادی جیسے اہم فیصلوں میں بھی دوسروں کے مختلف مشوروں کی وجہ سے اپنی سوچ پر اعتماد کھو بیٹھتے ہیں۔ جب ایک ہی معاملے پر ہر شخص مختلف رائے پیش کرتا ہے تو درست اور غلط کی پہچان مزید مشکل ہوجاتی ہے۔ ایسے حالات میں غیر ضروری آراء کے بجائے سمجھ بوجھ، ہمدردی اور متوازن رہنمائی کی ضرورت ہوتی ہے۔ بعض اوقات غیر ضروری ہدایات رہنمائی کرنے کے بجائے لوگوں میں مزید ابجھن پیدا کردیتی ہیں۔

ماہر نفسیات البرٹ باڈورا (Albert Bandura) اپنے Efficacy-Self (اپنی صلاحیتوں پر اعتماد) کے نظریے میں واضح کرتے ہیں کہ انسان کی کامیابی کا بڑا حصہ اپنی صلاحیتوں پر اعتماد سے وابستہ ہوتا ہے۔ اگر ہر چھوٹے بڑے معاملے میں دوسروں کے مشورے اس پر مسلط کیے جائیں تو آہستہ آہستہ اس کی خود اعتمادی متاثر ہونے لگتی ہے۔ ایسا فرد ہر فیصلے کے لیے دوسروں پر انحصار کرنے لگتا ہے اور اپنی صلاحیتوں پر شک کرنے لگتا ہے۔ باڈورا کے مطابق لوگوں کو سیکھنے، غلطیاں کرنے اور اپنے تجربات سے سبق حاصل کرنے کے مواقع ملنے چاہئیں، کیونکہ یہی تجربات ان کی شخصیت کو مضبوط بناتے ہیں۔

معروف ماہر سماجیات اروِنگ گوفمین (Goffman Erving) کے مطابق سماجی تعلقات باہمی احترام پر قائم ہوتے ہیں۔ جب کوئی شخص بار بار بلا ضرورت مشورے دیتا ہے تو سامنے والا یہ محسوس کرسکتا ہے کہ شاید اسے نااہل یا کم تر سمجھا جارہا ہے۔ اس احساس سے اس کی عزتِ نفس متاثر ہوتی ہے اور گفتگو کی خوشگواری بھی کم ہوجاتی ہے۔ گوفمین کے مطابق ہر فرد اپنی سماجی حیثیت اور وقار کا تحفظ چاہتا ہے، اس لیے مشورہ دینے کا انداز ایسا ہونا چاہیے جو عزت میں اضافہ کرے، نہ کہ شخصیت کو مجروح کرے۔

ماہرِ نفسیات ڈینیل کاہنمن (Daniel Kahneman) اپنی تحقیق میں بتاتے ہیں کہ لوگ اکثر جلد بازی میں نتائج اخذ کرنے اور فوری رائے دینے کی عادت رکھتے ہیں۔ بہت سے مواقع پر مشورہ مکمل معلومات کے بغیر دیا جاتا ہے، جس کی وجہ سے وہ حقیقت کے بجائے اندازوں پر مبنی ہوتا ہے۔ کاہنمن کے مطابق بہتر فیصلہ کرنے کیلئے ضروری ہے کہ پہلے معلومات جمع کی جائیں، حالات کو سمجھا جائے اور پھر رائے قائم کی جائے۔ یہی اصول مشورہ دینے پر بھی لاگو ہوتا ہے، کیونکہ ادھوری معلومات پر مبنی مشورہ اکثر فائدے کے بجائے نقصان کا باعث بن سکتا ہے۔

یونانی فلسفی سقراط (Socrates) سے منسوب ایک مشہور قول ہے: "سمجھنے کے لیے پہلے سنو، جواب دینے کے لیے نہیں۔" یہ قول اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ مؤثر رہنمائی اور بہتر مشورے کے لیے پہلے سامنے والے کی بات توجہ سے سننا اور اس کے حالات کو سمجھنا ضروری ہے، اس کے بعد ہی مناسب رائے دینی چاہیے۔ سقراط کے مطابق دانا لوگ پہلے سنتے ہیں، پھر سوچتے ہیں اور آخر میں رائے دیتے ہیں۔ جب لوگ ایک دوسرے کو سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں تو مشورہ زیادہ تعمیری، مؤثر اور قابلِ قبول بن جاتا ہے۔

نفسیات کا ایک اہم اصول یہ بھی ہے کہ لوگ انہی باتوں کو زیادہ قبول کرتے ہیں جو ان کی ضرورت اور آمادگی کے مطابق پیش کی جائیں۔ جب کوئی شخص خود مشورہ طلب کرے تو اس وقت دیا گیا مشورہ زیادہ مؤثر ثابت ہوتا ہے، کیونکہ وہ ذہنی طور پر سننے اور غور کرنے کیلئے تیار ہوتا ہے۔ اس کے برعکس بلاضرورت بار بار نصیحت کرنے سے مزاحمت پیدا ہوسکتی ہے۔ اسلیے بہترین مشیر وہی ہے جو بولنے سے زیادہ سننا جانتا ہو، سوال کرے، حالات کو سمجھے اور پھر مختصر، واضح اور احترام کے ساتھ اپنی رائے پیش کرے۔

ہمارے معاشرے میں مشورہ دینے کی عادت اس قدر عام ہوچکی ہے کہ بہت سے لوگ دوسروں کے ذاتی معاملات میں بھی بلا ضرورت رائے دینا اپنا حق سمجھتے ہیں۔ اکثر مواقع پر اصل فرد کی خواہشات اور حالات کو سمجھنے کے بجائے رشتہ دار، دوست اور پڑوسی اپنی رائے کو زیادہ اہمیت دیتے ہیں۔ ایسے ماحول میں بہت سے لوگ اپنی صلاحیتوں پر اعتماد کھو بیٹھتے ہیں اور دوسروں کی توقعات کے مطابق فیصلے کرنے پر مجبور ہوجاتے ہیں، جس کے نتیجے میں بعد ازاں مایوسی، ذہنی دباؤ اور پچھتاوا جنم لیتا ہے۔ ایک صحت مند معاشرہ وہی ہوتا ہے جہاں لوگوں کو سنا جائے، ان کی رائے کا احترام کیا جائے اور صرف ضرورت پڑنے پر تعمیری مشورہ دیا جائے۔ جب ہم ہمدردی، برداشت اور ذمہ داری کے ساتھ رہنمائی کرنا سیکھیں گے تو نہ صرف افراد کی خود اعتمادی بڑھے گی بلکہ خاندانوں اور معاشرے میں اعتماد، ہم آہنگی اور باہمی احترام کا ماحول بھی مضبوط ہوگا۔ آخر میں یہ کہا جاسکتا ہے کہ مشورہ دینا ایک اہم ذمہ داری ہے، جس کا مقصد رہنمائی اور بہتری ہونا چاہیے، نہ کہ ہر معاملے میں بلا ضرورت اپنی رائے مسلط کرنا۔ نفسیات اور سماجیات کے ماہرین کی تحقیق بھی اس بات کی نشاندہی کرتی ہے کہ غیر ضروری مشورہ بہت سے مواقع پر تعمیری رہنمائی کے بجائے تنقید کی شکل اختیار کرلیتا ہے، جس سے فرد کی خود اعتمادی، عزتِ نفس اور سماجی تعلقات متاثر ہوسکتے ہیں۔ حقیقی رہنمائی وہی ہے جو سامنے والے کے حالات، احساسات اور ضروریات کو سمجھ کر دی جائے۔ ہر انسان کی زندگی، تجربات اور حالات ایک جیسے نہیں ہوتے، اس لیے ہر ایک کیلئے ایک ہی مشورہ موزوں نہیں ہوسکتا۔ لہٰذا ہمیں چاہیے کہ ہر معاملے میں فوری رائے دینے کے بجائے پہلے حالات کو سمجھیں، سامنے والے کی رائے کا احترام کریں اور صرف اسی وقت رہنمائی کریں جب واقعی اس کی ضرورت ہو۔ حقیقت میں بہتر مشورہ وہ نہیں جو زیادہ دیا جائے، بلکہ وہ ہے جو صحیح وقت، درست انداز اور بہتر فہم کے ساتھ دیا جائے۔ بہت سے مواقع پر خاموشی سے سننا، ہمدردی کا اظہار کرنا اور سامنے والے کو خود اپنے فیصلے تک پہنچنے کا موقع دینا طویل نصیحت سے کہیں زیادہ فائدہ مند ثابت ہوتا ہے۔ ایسا رویہ نہ صرف فرد کی شخصیت کو مضبوط بناتا ہے بلکہ خاندان اور معاشرے میں اعتماد، ہم آہنگی اور خوشگوار تعلقات کو بھی فروغ دیتا ہے۔

☆☆☆

آر ایچ سی کے ایمبولینس ڈرائیور عوام کی خدمت میں شب و روز مصروف


تحریر: پون شیوانی

ڈسٹرکٹ حب سے ضلع لسبیلہ تک مختلف رورل ہیلتھ سینٹرز (RHC) کے ایمبولینس ڈرائیور محکمہ صحت کا وہ اہم ستون ہیں جو دن رات ہر موسم اور ہر ہنگامی صورتحال میں اپنی جان کی پروا کیے بغیر مریضوں کو بروقت طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے سڑکوں پر موجود رہتے ہیں۔ جب بھی کسی مریض کی جان بچانے کے لیے ایمبولینس کی ضرورت پیش آتی ہے تو یہی ڈرائیور بلا تاخیر اپنی ذمہ داری نبھانے کے لیے روانہ ہوجاتے ہیں۔ یہ ڈرائیور نہ اضافی ڈیوٹی سے گریز کرتے ہیں اور نہ ہی 24 گھنٹے خدمات انجام دینے سے۔ ان کا کہنا ہے کہ عوام کی خدمت ان کے لیے باعثِ فخر ہے اور وہ ہر وقت اپنے فرائض ادا کرنے کے لیے تیار رہتے ہیں۔ تاہم ان کا ایک ایسا جائز مسئلہ ہے جس پر حکومت بلوچستان اور محکمہ صحت کی فوری توجہ ضروری ہے۔ موجودہ حاضری کے نظام کے تحت ایمبولینس ڈرائیوروں کو موبائل فون کے کیمرے کے ذریعے دن میں کئی مرتبہ حاضری لگانی پڑتی ہے۔ ڈیوٹی شروع کرنے سے پہلے مریض کو منتقل کرکے واپس آنے کے بعد ڈیوٹی ختم ہونے پر، اور اگر کسی بھی وقت ایمرجنسی کال موصول ہو تو دوبارہ اسپتال پہنچ کر بھی حاضری دینا لازم ہے۔ اس عمل کے باعث انہیں ہر وقت اسمارٹ فون اپنے ساتھ رکھنا پڑتا ہے حالانکہ ان کی ڈیوٹی زیادہ تر سڑکوں پر گزرتی ہے اور ہر ڈرائیور مہنگا نیا موبائل خریدنے کی مالی استطاعت نہیں رکھتا۔ ایمبولینس ڈرائیوروں کا مؤقف ہے کہ انہیں کیمرے یا بائیومیٹرک حاضری پر کوئی اعتراض نہیں۔ ان کی صرف یہ گزارش ہے کہ رورل ہیلتھ سینٹرز (RHC) کے اندر ہی حکومت کی جانب سے مستقل حاضری کا نظام نصب کیا جائے، تاکہ ڈیوٹی کے آغاز یا اختتام پر ایک منظم طریقے سے حاضری درج ہوسکے اور انہیں بار بار ذاتی موبائل استعمال کرنے کی ضرورت نہ پڑے۔ یہ مطالبہ کسی اضافی سہولت کا نہیں بلکہ ڈیوٹی کی نوعیت کے مطابق ایک مناسب انتظامی اصلاح کا ہے۔ جو ملازمین چوبیس گھنٹے عوام کی جانیں بچانے کے لیے تیار رہتے ہیں، ان کے لیے ایسا نظام ہونا چاہیے جو ان کے فرائض میں رکاوٹ کے بجائے آسانی پیدا کرے۔ امید کی جاتی ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان، سیکریٹری صحت بلوچستان، ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ سروسز اور متعلقہ حکام اس مسئلے کا سنجیدگی سے جائزہ لیں گے اور ایمبولینس ڈرائیوروں کے لیے ایسا حاضری نظام متعارف کرائیں گے جو جدید مؤثر اور ان کی عملی ذمہ داریوں سے ہم آہنگ ہو۔ ایمبولینس ڈرائیوروں کی خدمات قابلِ تحسین ہیں۔ ان کی آواز کو سننا اور ان کے جائز مسائل کا حل نکالنا نہ صرف ایک انتظامی ذمہ داری ہے بلکہ عوامی خدمت کے اس اہم شعبے کو مزید مضبوط بنانے کی جانب بھی ایک مثبت قدم ہوگا۔

☆☆☆

ہم گاذر ڈے کیوں مناتے ہیں؟

یوم آزادی ملک کی آزادی کی قدر سکھاتا ہے۔

2.عزت اور شکریہ ادا کرنے کے لیے
جیسے ٹیچرز ڈے استادوں کی محنت، لیبر ڈے مزدوروں کی عزت، ڈاکٹرز ڈے ڈاکٹروں کی خدمت کا اعتراف۔

3.لوگوں کو اکٹھا کرنے کے لیے
ایک دن مقرر کرنے سے آگاہی مہم، ایونٹ اور اتحاد پیدا ہوتا ہے۔ جیسے ورلڈ انوائرمنٹ ڈے پر صفائی، بلڈ ڈونر ڈے پر خون کا عطیہ

گاذر ڈے-GazarDay24 اگست

گاذر قوم کا تعارف

گاذر ایک بہادر، محنتی اور مہمان نواز قوم/قبیلہ ہے۔

یہ بنیادی طور پر پنجاب، خیبر پختونخوا، سندھ اور شمالی علاقہ جات میں آباد ہے۔

اکثریت سرائیکی بیلٹ میں ہے: ملتان، مظفر گڑھ، وہاڑی، میلسی، راجن پور، حاصل پور، چشتیاں اور دیگر چھوٹے بڑے شہر۔

گاذر قوم کا تعلق اولیاء کرام سے ہے اور یہ قادری سلسلے سے منسوب ہے۔

24 اگست کو کیوں مناتے ہیں؟

24 اگست ہمارے جدِ اعلیٰ، حلیمِ امت، سلطانوں کے سلطان حضرت سخی سلطان بابا عبدالحکیم قادری گاذر رحمتہ اللہ علیہ کے یومِ ولادت کی نسبت سے ہے۔

منانے کے 4 مقاصد:

1. قومی اتحاد کے لیے- دنیا بھر میں جہاں جہاں گاذر آباد ہیں، ایک دن اکٹھے ہوکر اپنی پہچان کو زندہ رکھنا

2. تاریخ اور روایات کو یاد رکھنے کے لیے- اپنی زبان، لباس، رسم و رواج اور بہادری کی تاریخ نئی نسل کو منتقل کرنا

3. تعلیم اور فلاح کے لیے- اس دن سکالرشپ، فنڈ ریزنگ اور علاقائی مسائل پر لائحہ عمل بنانا

4. نوجوانوں کو جوڑنے کے لیے- نوجوانوں کو اپنی بڑوں، بزرگوں اور قومی تشخص سے روشناس کرانا

اس دن کیا ہوتا ہے؟

-محافلِ ذکر و نعت-حضرت بابا عبدالحکیم رح کو خراجِ عقیدت

- سوشل میڈیا مہم - #گاذر_ڈے #GazarDay کے ساتھ دنیا کو اپنا تعارف

-اجتماعات-گھر، محلے، گاؤں اور شہر کی سطح پر تقریبات

-مٹھائی و لنگر-خوشی کا اظہار اور محبت بانٹنا

اہم وضاحت: تاریخ کیوں بدلتی ہے؟

سب سے پہلے یہ بات یاد رکھیں: گاذر ڈے کی اصل تاریخ کبھی نہیں بدلتی۔
اصل تاریخ: 24 اگست ہی ہے اور ہمیشہ 24 اگست ہی رہے گی۔

سب سے پہلے یہ جانتے ہیں کہ یہ "ڈے" منائے کیوں جاتے ہیں

زندگی کی مصروفیات میں ہم اکثر اہم چیزوں کو بھول جاتے ہیں۔ اس لیے دنیا بھر میں "ڈے" منانے کی 3 بڑی وجوہات ہیں:

1.یاد دلانے کے لیے
جیسے مادرز ڈے ماں کی قربانی یاد دلاتا ہے،

یوم آزادی ملک کی آزادی کی قدر سکھاتا ہے۔

2.عزت اور شکریہ ادا کرنے کے لیے
جیسے ٹیچرز ڈے استادوں کی محنت، لیبر ڈے مزدوروں کی عزت، ڈاکٹرز ڈے ڈاکٹروں کی خدمت کا اعتراف۔

3.لوگوں کو اکٹھا کرنے کے لیے
ایک دن مقرر کرنے سے آگاہی مہم، ایونٹ اور اتحاد پیدا ہوتا ہے۔ جیسے ورلڈ انوائرمنٹ ڈے پر صفائی، بلڈ ڈونر ڈے پر خون کا عطیہ

گاذر ڈے-GazarDay24 اگست

گاذر قوم کا تعارف

گاذر ایک بہادر، محنتی اور مہمان نواز قوم/قبیلہ ہے۔

یہ بنیادی طور پر پنجاب، خیبر پختونخوا، سندھ اور شمالی علاقہ جات میں آباد ہے۔

اکثریت سرائیکی بیلٹ میں ہے: ملتان، مظفر گڑھ، وہاڑی، میلسی، راجن پور، حاصل پور، چشتیاں اور دیگر چھوٹے بڑے شہر۔

گاذر قوم کا تعلق اولیاء کرام سے ہے اور یہ قادری سلسلے سے منسوب ہے۔

24 اگست کو کیوں مناتے ہیں؟

24 اگست ہمارے جدِ اعلیٰ، حلیمِ امت، سلطانوں کے سلطان حضرت سخی سلطان بابا عبدالحکیم قادری گاذر رحمتہ اللہ علیہ کے یومِ ولادت کی نسبت سے ہے۔

منانے کے 4 مقاصد:

1. قومی اتحاد کے لیے- دنیا بھر میں جہاں جہاں گاذر آباد ہیں، ایک دن اکٹھے ہوکر اپنی پہچان کو زندہ رکھنا

2. تاریخ اور روایات کو یاد رکھنے کے لیے- اپنی زبان، لباس، رسم و رواج اور بہادری کی تاریخ نئی نسل کو منتقل کرنا

3. تعلیم اور فلاح کے لیے- اس دن سکالرشپ، فنڈ ریزنگ اور علاقائی مسائل پر لائحہ عمل بنانا

4. نوجوانوں کو جوڑنے کے لیے- نوجوانوں کو اپنی بڑوں، بزرگوں اور قومی تشخص سے روشناس کرانا

اس دن کیا ہوتا ہے؟

-محافلِ ذکر و نعت-حضرت بابا عبدالحکیم رح کو خراجِ عقیدت

- سوشل میڈیا مہم - #گاذر_ڈے #GazarDay کے ساتھ دنیا کو اپنا تعارف

-اجتماعات-گھر، محلے، گاؤں اور شہر کی سطح پر تقریبات

-مٹھائی و لنگر-خوشی کا اظہار اور محبت بانٹنا

اہم وضاحت: تاریخ کیوں بدلتی ہے؟

سب سے پہلے یہ بات یاد رکھیں: گاذر ڈے کی اصل تاریخ کبھی نہیں بدلتی۔
اصل تاریخ: 24 اگست ہی ہے اور ہمیشہ 24 اگست ہی رہے گی۔

سب سے پہلے یہ جانتے ہیں کہ یہ "ڈے" منائے کیوں جاتے ہیں

زندگی کی مصروفیات میں ہم اکثر اہم چیزوں کو بھول جاتے ہیں۔ اس لیے دنیا بھر میں "ڈے" منانے کی 3 بڑی وجوہات ہیں:

1.یاد دلانے کے لیے
جیسے مادرز ڈے ماں کی قربانی یاد دلاتا ہے،

-اگر 24 اگست اتوار ہو تو تقریب اسی دن ہوتی ہے۔

-اگر 24 اگست اتوار نہ ہو تو 24 اگست کے بعد آنے والے پہلے اتوار کو مرکزی تقریب ہوتی ہے۔

2026 کا شیڈول:

24 اگست 2026 بروز پیر ہے۔ اس لیے مرکزی تقریب اتوار 30 اگست 2026 کو دربار عالیہ حضرت سلطان عبدالحکیم گاذر رح، کبیر والا، ضلع خانیوال میں ان شاء اللہ منعقد ہوگی۔

اپیل: 24 اگست کو اپنے علاقوں میں ضرور منائیں اور 30 اگست کو مرکزی اجتماع میں شرکت کرکے اتحاد کا ثبوت دیں۔

گاذر قوم کی پہچان

گاذر لوگ ایمان، بہادری، مہمان نوازی اور خدمت کے لیے مشہور ہیں۔

آج ہمارے نوجوان پاک فوج، تعلیم، طب اور بیرونِ ملک میں پاکستان کا نام روشن کر رہے ہیں۔

نوٹ: یہ سرکاری چھٹی نہیں ہے بلکہ یہ گاذر قوم کا اپنا ثقافتی اور روحانی دن ہے جسے ہم ہر سال جوش و خروش سے مناتے ہیں۔

آخر میں راقم الحروف گاذر سلطان ڈاکٹر ذوالفقار احمد گاذر کا گاذر ڈے حوالے سے سپیشل ڈوہرہ

گاذر ڈے سپیشل ڈوہرہ

اساں 24 اگست نوں پورے پاکستان وچ گاذر ڈے منیندے پئے آں۔

سارے گاذر 30 اگست نوں بابا عبدالحکیم دے دربار تے کٹھے تھیندے پئے آں۔

جیڑھے اپنڑی ذات چھپیندے ہن انہاں نوں اساں اے ڈسیندے پئے آں ___

گاذر سلطان وی تاں گاذرے

اساں گاذرتوں اپنڑی پہچان کروینڈے پئے آں۔

پہاڑاں دے واسی، دل دے سچے، بہادری سانڈی شان اے

مہمان نوازی، خدمتِ خلق، گاذردی پہچان اے ___

قادری سلسلے دا چمکتا تارا بابا عبدالحکیم اے

ساڈے دل دی دھڑکن، ساڈا جد اعلیٰ اے بابا عبدالحکیم۔

گاذردی وحدت، گاذردی طاقت

پاکستان زندہ باد-گاذر قوم پائندہ باد

اکثر دوست پوچھتے ہیں کہ گاذر کا کیا مطلب ہے آن بتاتا چلوں

لفظ "گاذر" دا معنی

گاذر دا لفظی مطلب ہے:

"دلوں دے زنگ آلود قلوب کوں نورِ ایمان نال صاف کرنے والا"

گاذر قوم دا تعلق اولیاء کرام نال اے۔ ایہ قوم ایمان، بہادری، مہمان نوازی تے خدمتِ خلق دی علامت اے۔

اسی لیے ساڈا نعرہ اے: تعلیم، اتحاد، خدمت

-ایہو ساڈی پہچان اے

گاذر ڈے مبارک ہووے

☆☆☆

معیشت

بحران کا شکار زرعی شعبہ کیلئے انقلابی اقدام کی ضرورت

ملکی معیشت میں پچھلے چند سال سے بحران ہے۔ قومی سطح پر پیداواری شرح نمو کے ہدف میں ایک فیصد کمی ہوئی ہے جبکہ زرعی پیداوار کسی اضافہ کی بجائے منفی 0.09 فیصد رہی جو پاکستان جیسے ملک میں ایک خوفناک معاشی المیہ سے کم نہیں۔ زراعت کی وفاقی وزارت ختم کئے جانے کے بعد سے صوبے وزارت زراعت کو مناسب اہمیت دینے کیلئے تیار نہیں۔ جس سے زرعی شعبہ بری طرح انحطاط کا شکار ہے اور اس کے نتیجہ میں کسان غربت کی لکیر سے کہیں نیچے دھکیل دیے گئے ہیں۔ ہمارے صنعتی شعبہ کا دارومدار بھی زراعت کے شعبے پر (Based Agro) ہے جس کی 44 فیصد لیبر فورس زرعی شعبہ سے آتی ہے اور جی ڈی پی کا 21 فیصد اسی شعبے سے حاصل ہوتا ہے۔ جبکہ اس شعبے کو نظر انداز کرنے کے نتیجے میں ملک اربوں ڈالر سالانہ غیر ملکی زرمبادلہ سے محروم ہو رہا ہے۔

زرعی انحطاط کی وجوہات:

یہ ایک تلخ حقیقت ہے کہ زرمبادلہ حاصل کرنے والی دوسری بڑی جنس چاول کی برآمد گزشتہ تین سال سے منجمد رہی۔ وفاقی وزارت تجارت اور ٹڈاپ (TDAP) جیسے بھاری بھرکم ادارے اور بیرون ملک سفارت خانے اپنے کمرشل اتاشیوں سمیت خواب غفلت میں پڑے رہے امریکہ یوروپ اور مشرق وسطیٰ کے برادر مسلم ممالک کی منڈیاں ہمارے ہاتھ سے نکل گئیں جن پر ہمارا تجارتی اور سیاسی حریف بھارت قابض ہوتا نظر آرہا ہے۔ نتیجۃً چاول کے برآمد کنندگان، ڈیلر اور کاشتکار دیوالیہ پن کے قریب پہنچ چکے ہیں جو بڑی شدت کے ساتھ اپنی قسمت اور حکومت کی بے حسی کا ماتم کررہے ہیں۔ اسی طرح کسانوں کی محنت شاقہ سے گندم کی بھرپور پیداوار کا وافر سٹاک پچھلے تین سیزن سے کھلے آسمان تلے پڑا تلف ہورہا ہے۔ اس جنس کی خریداری کے ذمہ دار محکمے پاسکو اور محکمہ خوراک بھاری سودی قرضوں کے زیر بار ہیں لیکن ذمہ دار حکام کو دنیا کی بہترین کوالٹی کی گندم برآمد کرنے کی توفیق نصیب نہیں ہورہی۔ درآمدات میں مسلسل اضافہ سے تجارتی خسارہ بڑھتا جارہا ہے جس سے ملکی و غیر ملکی قرضوں کے حجم، مہنگائی اور افراط زر میں اضافہ ہونے سے غریب آدمی کی روزمرہ کی زندگی اجیرن ہوچکی ہے۔ زراعت کے انحطاط کا دوسرا پہلو اور بھی تشویشناک ہے۔ مختلف ممالک نے دور جدید کی شاندار سائنسی ترقی سے فائدہ اٹھاتے ہوئے تحقیقاتی اداروں میں زرعی ماہرین اور ریسرچ سکالرز کو موزوں ماحول اور مکمل وسائل مہیا کرکے فرسودہ نظام کاشت کو جدید خطوط پر استوار کیا۔ ترقی دادہ بیج تیار کرکے غذائی و نقد آور فصلوں کی فی ایکڑ پیداوار (Yield) میں کئی گناہ اضافہ آبپاشی کے اخراجات میں کمی اور پودوں میں بیماریوں کے خلاف قوت مدافعت کی تدابیر کے علاوہ زمین کی تیاری بوائی کٹائی اور اس کے بعد جنس کو محفوظ رکھنے کیلئے مشینری عام کسان کی دسترس میں دی گئی اس کے ساتھ ہی خون پسینہ ایک کرکے حاصل ہونے والی اجناس کی مارکیٹینگ میں پورا تعاون کرتے ہوئے حکومتوں نے معقول معاوضہ کی ضمانت دے رکھی ہے۔ ان تدابیر سے جہاں قحط کا شکار رہنے والے بھارت اور ریگزاروں کو ہساروں کی سرزمین سعودی عرب غلہ کی قلت پر قابو پاکر فاضل اناج برآمد کرنے کی صلاحیت حاصل کرچکے ہیں وہاں ہالینڈ جیسا چھوٹا سا یوروپی ملک محض بیج کی برآمد سے اپنے کسان کو خوشحالی کی منزل سے ہمکنار کرچکا ہے۔ ہمارے ہاں معاملات جیسے الٹ سمت میں چل رہے ہیں باسمتی چاول جیسی دوسری بڑی برآمدی جنس کا اعلیٰ بیج معدوم ہوچکا ہے اس کی جگہ کائنات یا انڈیا باسمتی کے نام سے معروف مقابلتاً کمتر کوالٹی کا بیج بھارت سے سمگل ہوکر کاشت کیا جارہا ہے جو ہمارے پالیسی ساز حکام کیلئے ایک بڑا چیلنج ہے۔ اسی طرح باجرہ جوار مکئی سبزیات وغیرہ کے بیج امریکہ اسٹریلیا بھارت سے آرہے ہیں گویا ہمارے تحقیقاتی ادارے حکومتوں کی مکمل بے توجہی کا شکار ہونے کی وجہ سے بانجھ ہوچکے ہیں۔ جن کو بھرکم ٹیکس پسماندہ اور محروم کسانوں کی کمر پر آخری تنکا ثابت ہوتا ہے۔ جدید تحقیق کے ثمرات سے محروم، معقول معاوضہ نہ ملنے پر کسان زرعی انکم ٹیکس کے خلاف سراپا احتجاج ہیں۔ جب دھرتی کا سینہ چیر کر غذا مہیا کرنے والے محنت کش سرکاری پالیسی سے تنگ آکر کھیت کھلیان چھوڑ کر شاہراہوں اور حکومتی ایوانوں کا رخ کرنے پر مجبور ہوجائیں تو سمجھ لینا چاہیے کہ اس دور کے سلطان سے کوئی بھول ہوئی ہے۔ حکومت زراعت پیشہ آبادی کی موجودہ زبوں حالی کی اصل حقیقت سے آگاہی حاصل کرے توانہیں مسئلہ کی سنگینی کا کما حقہ ادراک ہوجائیگا۔ موجودہ حکمرانوں کے بارے میں زراعت سے بے اعتنائی کا تاثر تو پہلے سے موجود تھا لیکن اب تو تجارت وصنعت کے پسندیدہ شعبہ ہونے کے تصور کو بھی دھچکا لگا ہے۔ اس وقت ڈھائی ارب ڈالر سالانہ زرمبادلہ حاصل کرنے والا چاول اور قریباً ایک کروڑ ٹن گندم کا وافر سٹاک برآمدنہ ہوسکنے کی وجہ سے حکومت کی بے حسی کا ثبوت مہیا کررہا ہے۔ کپاس کی فصل کو نقصان پہنچنے سے ٹیکسٹائل کے شعبے کا بری طرح متاثر ہونا بھی اس کے واضح نشاندہی ہے۔

انقلابی اقدام کی ضرورت

زرعی شعبہ مختلف امراض کے حملوں سے متاثر جاں بلب مریض کی طرح ہے جسے محض ایمرجنسی وارڈ میں ڈرپ وغیرہ لگا کر ہوش میں لانے کو ہی کارنامہ قرار دینے سے کام نہیں چلے گا بلکہ اسے انتہائی نگہداشت (ICU) میں رکھ کر اس کی توانائی اور اعتماد بحال کرنے تک امداد جاری رکھنے کی ضرورت ہے۔ لہٰذا ضروری ہے کہ زرعی تحقیق س

ہفت روزہ آئینہ منزل کے تحفظِ کتب خانہ کے رضاکار ہر سال جولائی کے آخری اتوار کو ’کتاب بچاؤ دن‘ مناتے ہیں۔ اس دن وہ پرانی کتابوں کی جلد بندی، دیمک سے بچاؤ اور بوسیدہ صفحات کی مرمت کرتے ہیں۔ امسال یہ دن ۲۶ جولائی کو منایا گیا۔ اس موقع پر ہفت روزہ آئینہ منزل کے دفتر میں ایک مختصر تقریب ہوئی جس میں شہر کے مختلف علاقوں سے آئے ہوئے رضاکاروں نے اپنے تجربات بیان کیے۔

کتب خانہ کے نگران محمد یونس ساجد نے بتایا کہ ادارے کے ذخیرے میں اس وقت تقریباً 11 ہزار کتابیں اور پرانے رسائل موجود ہیں۔ ان میں سے بہت سی کتابیں ایسی ہیں جن کے صفحات نمی کی وجہ سے آپس میں چپک گئے تھے۔ ’ہم نے ایک ایک صفحہ الگ کیا، اس پر ہلکا سا گوند لگایا اور پھر اسے جاپانی کاغذ کی پٹی سے سہارا دیا۔ یہ کام صبر مانگتا ہے، مگر جب کوئی پرانی کتاب دوبارہ پڑھنے کے قابل ہو جاتی ہے تو دل کو بہت خوشی ہوتی ہے۔‘

رضاکار ثمینہ ارشد، جو ایک نجی اسکول میں استاد ہیں، پہلی بار اس مہم میں شریک ہوئی تھیں۔ انہوں نے کہا کہ انہیں توقع نہیں تھی کہ اتنی پرانی کتابیں اب بھی موجود ہیں۔ ’میں نے ایک کتاب پر 1912ء کی مہر دیکھی، تو لگا جیسے وقت کو چھو رہی ہوں۔ ہمارے بچوں کو یہ جگہ ضرور دیکھنی چاہیے۔‘ انہوں نے اعلان کیا کہ وہ اپنے اسکول کے طلبہ کو اگلے ماہ ادارے کا دورہ کرائیں گی۔

ادارے کے ڈپٹی منیجر فرحان لطیف نے بتایا کہ کتب خانہ کی رکنیت فیس طلبہ کے لیے معاف ہے اور ادارہ ہر اتوار صبح 9 بجے سے دوپہر 2 بجے تک کھلا رہتا ہے۔ ان کے مطابق ادارہ اب تک 3 ہزار 624 کتابوں کی مرمت مکمل کر چکا ہے اور 118 نایاب کتابوں کو ڈیجیٹل شکل میں محفوظ کیا جا چکا ہے۔ ’ہمارا مقصد صرف کتابیں بچانا نہیں بلکہ پڑھنے کی عادت کو بھی زندہ رکھنا ہے، کیونکہ کتاب کا اصل دشمن وقت سے زیادہ بے توجہی ہے۔‘

ادارے کے سرپرست اعلیٰ ڈاکٹر نسیم اختر چوہان نے کہا کہ ’کتاب بچاؤ دن‘ کو ہر سال منانے کا فیصلہ ادارے کی مجلسِ منتظمہ نے متفقہ طور پر کیا ہے۔ ان کے مطابق اس دن کے لیے ایک الگ فنڈ بھی قائم کیا گیا ہے، جس میں شہری اپنی پرانی کتابیں عطیہ کر سکیں گے۔ ’ہم چاہتے ہیں کہ یہ دن ایک روایت بن جائے، تاکہ آنے والی نسلیں بھی ان کتابوں سے فائدہ اٹھا سکیں جنہیں ہم نے بچانے کی کوشش کی ہے۔‘

شہر کی مختلف یونین کونسلوں سے آئے ہوئے رضاکاروں نے اپنے تجربات بیان کیے۔ یونین کونسل 14 کے رضاکار عبدالستار نے بتایا کہ انہوں نے اپنے علاقے کے 12 اسکولوں میں کتاب بچاؤ مہم کے پمفلٹ تقسیم کیے۔ ’ہمارے علاقے میں بہت سے گھروں میں پرانی کتابیں الماریوں میں بند پڑی ہیں، لوگ سمجھتے ہیں کہ یہ بیکار ہیں، حالانکہ ان میں سے کئی کتابیں بہت قیمتی ہیں۔‘

یونین کونسل 14 کے رضاکار عبدالستار نے بتایا کہ انہوں نے اپنے علاقے کے 12 اسکولوں میں کتاب بچاؤ مہم کے پمفلٹ تقسیم کیے۔ ’ہمارے علاقے میں بہت سے گھروں میں پرانی کتابیں الماریوں میں بند پڑی ہیں، لوگ سمجھتے ہیں کہ یہ بیکار ہیں، حالانکہ ان میں سے کئی کتابیں بہت قیمتی ہیں۔‘

یونین کونسل 14 کے رضاکار عبدالستار نے بتایا کہ انہوں نے اپنے علاقے کے 12 اسکولوں میں کتاب بچاؤ مہم کے پمفلٹ تقسیم کیے۔ ’ہمارے علاقے میں بہت سے گھروں میں پرانی کتابیں الماریوں میں بند پڑی ہیں، لوگ سمجھتے ہیں کہ یہ بیکار ہیں، حالانکہ ان میں سے کئی کتابیں بہت قیمتی ہیں۔‘

یونین کونسل 14 کے رضاکار عبدالستار نے بتایا کہ انہوں نے اپنے علاقے کے 12 اسکولوں میں کتاب بچاؤ مہم کے پمفلٹ تقسیم کیے۔ ’ہمارے علاقے میں بہت سے گھروں میں پرانی کتابیں الماریوں میں بند پڑی ہیں، لوگ سمجھتے ہیں کہ یہ بیکار ہیں، حالانکہ ان میں سے کئی کتابیں بہت قیمتی ہیں۔‘

یونین کونسل 14 کے رضاکار عبدالستار نے بتایا کہ انہوں نے اپنے علاقے کے 12 اسکولوں میں کتاب بچاؤ مہم کے پمفلٹ تقسیم کیے۔ ’ہمارے علاقے میں بہت سے گھروں میں پرانی کتابیں الماریوں میں بند پڑی ہیں، لوگ سمجھتے ہیں کہ یہ بیکار ہیں، حالانکہ ان میں سے کئی کتابیں بہت قیمتی ہیں۔‘



سیکرٹری ورکرز ویلفیئر فنڈ ذوالفقار احمد گوٹھ ماچھی میں ایف ایف سی ورکرز کنونشن سے خطاب کر رہے ہیں

اسکول چھوڑنے کے رجحان ڈراپ آؤٹ کی مؤثر روک تھام حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے, رومیل نعیم

جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ اور مؤثر نگرانی کا نظام مستقبل میں تعلیمی شعبے میں مثبت اور دیرپا نتائج کا باعث بنے گا

گوادر (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر گوادر رومیل نعیم جان نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور حکومتِ بلوچستان کی تعلیمی اصلاحات کے تحت ہر بچے کو معیاری تعلیم کی فراہمی اور اسکول چھوڑنے کے رجحان (ڈراپ آؤٹ) کی مؤثر روک تھام حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری اسکول (بقیہ 38 صفحہ 3 پر)

سریاب روڈ پر کم وزن روٹی فروخت کرنے والے تندوروں کے خلاف کریک ڈاؤن

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر (سریاب) کی زیر نگرانی سریاب روڈ پر کم وزن روٹی فروخت کرنے والے تندوروں کے خلاف کریک ڈاؤن کیا گیا۔ کارروائی کے دوران کم وزن (بقیہ 39 صفحہ 3 پر)

بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ اپنے مختلف اسکالرشپ پروگرام کامیابی سے جاری

مستحق اور باصلاحیت طلباء وطالبات تک اسکالرشپس کی بروقت فراہمی کے ذریعے صوبے میں اعلیٰ تعلیم کے فروغ کیلئے مؤثر کردار ادا کر رہا ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے وژن کے مطابق صوبے میں معیاری تعلیم کے فروغ اور ہونہار طلباء وطالبات کو یکساں تعلیمی مواقع فراہم کرنے کیلئے بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ (BEEF) اپنے مختلف اسکالرشپ پروگرام کامیابی سے جاری رکھے ہوئے ہے۔ اسی سلسلے میں ضلع پشین* کے *10 میٹرک ڈسٹرکٹ ٹاپرز (5 طالبات اور 5 طلباء) کو "شہید بینظیر بھٹو میٹرک ڈسٹرکٹ ٹاپرز فلی فنڈڈ اسکالرشپ برائے تعلیمی سال "2025 کیلئے مکمل طور پر میرٹ کی بنیاد پر منتخب کیا گیا ہے۔ یہ اسکالرشپ پروگرام صوبے کے ذہین، محنتی اور باصلاحیت (بقیہ 41 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی سے جے یو آئی وڈھ کے رہنما عبدالواحد مینگل اور حافظ بلال احمد مردوئی ملاقات کر رہے ہیں

سرکی روڈ، کاسی روڈ، طوغی روڈ اور دیگر علاقوں میں تندوروں اور قصائیوں کے خلاف کریک ڈاؤن

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر (سٹی) کی زیر نگرانی سرکی روڈ، کاسی روڈ، طوغی روڈ اور دیگر علاقوں میں تندوروں اور قصائیوں کے خلاف کریک ڈاؤن کیا گیا۔ کارروائی کے دوران کم وزن روٹی فروخت کرنے اور مہنگے (بقیہ 42 صفحہ 3 پر)

محکمہ ریونیو نصیرآباد ڈویژن میں لواحقین کوٹے پر تقرریوں کے حوالے سے اجلاس

نصیرآباد (خ ن) کمشنر نصیرآباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی زیر صدارت محکمہ ریونیو نصیرآباد ڈویژن میں لواحقین کوٹے پر تقرریوں کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا، جس میں اکاؤنٹس آفیسر امجد علی بہرانی، سپرنٹنڈنٹ عبدالصمد کھوسہ اور شیراللہ کھوسہ لیٹ ممبران نے شرکت کی۔

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کا فوری ایکشن بلیلی میں صابن فیکٹر سیل

سرکاری اسپتالوں میں فرائض کی انجام دہی میں غفلت، لاپروائی یا غیر حاضری کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، مہراللہ بادینی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان پورٹل پر موصول شکایت پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کا فوری ایکشن بلیلی میں صابن فیکٹر سیل، واضح رہے کہ بلیلی کے علاقہ مکین کی جانب سے سی ایم پورٹل پر درج شکایت موصول ہونے پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے تخت بڑھی کا اظہار کرتے ہوئے فوری کارروائی کا حکم دیا۔ ڈپٹی کمشنر کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر (کچلاک) کیپٹن (بقیہ 40 صفحہ 3 پر)

استاد محمد، ایس ایس پی حافظ معاذ الرحمٰن کھلی کچہری میں لوگوں کے سوالات کے جوابات دے رہے ہیں

لسبیلہ، سائرہ عطاء کی تعیناتی باعثِ فخر اور خوش آئند اقدام ہے، عوامی حلقے

محنت، لگن اور قابلیت کے ذریعے اعلیٰ سرکاری عہدوں تک پہنچا جا سکتا ہے

لسبیلہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کی دوراندیشانہ قیادت اور چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی جانب سے بلوچستان میں گورننس کی بہتری کیلئے انتظامی تقسیم کے تحت نئے ڈویژن کے قیام کا عوامی حلقوں کی جانب سے بھرپور انداز میں خیر مقدم کیا جا رہا ہے، کمشنر لسبیلہ ڈویژن کے انتظامی عہدے پر خاتون تعیناتی کو لسبیلہ آواران حب کے عوامی حلقوں نے بلوچستان حکومت کی جانب سے سائرہ عطاء کو کمشنر لسبیلہ ڈویژن تعیناتی کا باقاعدہ نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے

کوئٹہ شہر کے لاکھوں عوام مسائل سے دوچار ہیں، مجید خان اچکزئی

موجودہ حالات میں عوام مہنگائی، بے روزگاری، بدامنی اور بنیادی سہولیات کی کمی سمیت متعدد مسائل سے دوچار ہیں

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی نائب صدر مجید خان اچکزئی نے عوام کی بڑی تعداد کی پارٹی صفوں میں شمولیت کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ اس سے پارٹی کی جدوجہد کو مزید تقویت ملے گی اور قومی، سیاسی، جمہوری حقوق کے حصول کی جاری تحریک مزید مضبوط ہوگی۔ پارٹی کارکنوں پر زور دیا گیا کہ وہ عوام سے قریبی رابطہ قائم رکھتے ہوئے مزید لوگوں کو پارٹی میں شامل کریں تاکہ عوامی مسائل کے حل کے لیے اجتماعی جدوجہد کو وسعت دی (بقیہ 44 صفحہ 3 پر)

خواتین و بچوں سے متعلق حساس معاملات کی ذمہ دارانہ رپورٹنگ وقت کی اہم ضرورت ہے، سائرہ عوطا

حکومتِ بلوچستان خواتین کے حقوق کے تحفظ، ان کے بااختیار بنانے اور محفوظ معاشرے کی تشکیل کیلئے تمام متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر عملی اقدامات کر رہی ہے

میڈیا کی ذمہ دارانہ رپورٹنگ نہ صرف معاشرے میں مثبت سوچ کو فروغ دیتی ہے، سیکرٹری ویمن ڈویلپمنٹ

کوئٹہ (این این آئی) محکمہ ویمن ڈویلپمنٹ حکومتِ بلوچستان، بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی، انجینئرنگ اینڈ مینجمنٹ سائنسز (BUITEMS)، اسٹریتھنگ پارٹیسپیٹری آرگنائزیشن (SPO) اور اقوام متحدہ کے ادارے UNFPA کے اشتراک سے "پروونشل میڈیا فیلوشپ پروگرام" کی افتتاحی تقریب بیوٹمز کے پنک ہال میں منعقد ہوئی۔ اس موقع پر سیکرٹری ویمن ڈویلپمنٹ سائرہ (بقیہ 35 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر نادر ایسوٹ کا کھجوری کا تفصیلی دورہ

موسیٰ خیل (خ ن) ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر نادر خان ایسوٹ نے BHU کنگری BHU راڑھشم اور BHU کھجوری کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر IHHN کے ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر مجیب الرحمٰن صاحب بھی موجود تھے۔ دورے کا مقصد بنیادی مراکز صحت میں (بقیہ 47 صفحہ 3 پر)

سرکاری و پرائیویٹ ہسپتالوں کلینکس اور میڈیکل سینٹرز کی صحت اور صفائی ستھرائی کی حوالے سے اہم اجلاس

خضدار (خ ن) ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی کی صدارت میں ضلع خضدار کے تمام سرکاری ہسپتالوں پرائیویٹ ہسپتالوں کلینکس اور میڈیکل سینٹرز کی صحت اور صفائی ستھرائی کی حوالے سے ایک اہم اجلاس ڈپٹی کمشنر آفس میں منعقد ہوا جس میں خضدار شہر کے تمام پرائیویٹ ہسپتالوں کلینکس اور میڈیکل (بقیہ 48 صفحہ 3 پر)

خالق آباد 7 سالہ بچے کے قتل نامزد ملزم گرفتار

کلی کورکی آدمزئی کے رہائشی محمد معاویہ ولد علی احمد (7 سال) کو مبینہ طور پر اس کے چچا شیر احمد نے قتل کر دیا تھا

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) قلات کے علاقے خالق آباد میں پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سات سالہ بچے کے قتل کے مقدمے میں نامزد ملزم کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق 19 جولائی 2026 کو تھانہ خالق آباد کو اطلاع موصول ہوئی تھی کہ کلی کورکی آدمزئی کے رہائشی محمد معاویہ ولد علی احمد (7 سال) کو مبینہ طور پر اس کے چچا شیر احمد نے قتل کر دیا تھا۔ واقعے کا مقدمہ درج (بقیہ 46 صفحہ 3 پر)

قلات پولیس نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے سات سالہ بچے کے قتل کے مقدمے میں نامزد ملزم کو گرفتار کر لیا ہے

کلی زڑہ میں دو گروہوں کے درمیان فائرنگ سے تین افراد جاں بحق

لورالائی (این این آئی) کلی زڑہ میں دو گروہوں کے درمیان فائرنگ سے تین افراد جاں بحق تفصیلات کے مطابق کلی زڑہ میں دو گروپوں کے درمیان لڑائی فیصل چرمئی اور اسکے ساتھی جان بحق جبکہ دوسرے فریق سے ملک کریم کنڑئی جان بحق ہو گیا لورالائی پولیس نیو موقع پر پہنچ کر شواہد اکھٹے کیے

پارٹی کی اصل طاقت مخلص، باصلاحیت اور نظریاتی کارکن ہیں، عبدالرؤف لالا

تنظیمی و سیاسی فعالیت کو نچلی سطح تک مؤثر بنایا جائے، عبدالقہار خان ودان

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے رہنماؤں نے پارٹی کی تنظیمی و سیاسی سرگرمیوں سے متعلق اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایک مضبوط، منظم اور فعال تنظیم ہی قومی اہداف کے حصول اور عوام کی حقیقی نمائندگی کی ضمانت بن سکتی ہے۔ پارٹی کی اصل طاقت اس کے مخلص، باصلاحیت اور نظریاتی کارکن ہیں۔ کارکنوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ تنظیمی نظم وضبط کو ہر حال میں مقدم رکھیں، پارٹی کے فیصلوں اور پالیسیوں پر مکمل عمل درآمد کریں۔ مضبوط (بقیہ 49 صفحہ 3 پر)

پنجگور، رخرنی کی وارادت گن پوائنٹ پر پولیس کانسٹیبل کا موٹر سائیکل چھین کر لے گئے

پنجگور (این این آئی) پنجگور پولیس تھانہ تسپ کی حدود میں رخرنی کی وارادت گن پوائنٹ پر پولیس کانسٹیبل کا موٹر سائیکل چھین کر لے گئے تفصیلات کے مطابق پولیس تھانہ پنجگور میں تعینات پولیس کانسٹیبل منظور احمد ڈیوٹی ختم کر کے گھر کی طرف جا رہے تھے کہ پنجگ (بقیہ 51 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر حب جمع داد مندوخیل کی زیر صدارت ضلع حب میں ٹریفک مینجمنٹ سے متعلق اہم اجلاس

حب (خ ن) ڈپٹی کمشنر حب کیپٹن (ر) جمع داد خان مندوخیل کی زیر صدارت ضلع حب میں ٹریفک مینجمنٹ سے متعلق ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں حب پل پر روزانہ کی بنیاد پر پیدا ہونے والے ٹریفک جام، شہریوں (بقیہ 52 صفحہ 3 پر)

بارڈر بندش، سرحدی تجارت سے وابستہ ہزاروں خاندان معاشی مشکلات کا شکار ہیں، مرکزی انجمن تاجران بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی انجمن تاجران بلوچستان نے انجمن تاجران رجسٹرڈ کیچ کی جانب سے پاک ایران بارڈر کو فوری طور پر کھولنے کے مطالبے کی بھرپور حمایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بارڈر کی طویل بندش نے نہ صرف ضلع کیچ بلکہ پورے مکران ڈویژن اور بلوچستان کی معیشت کو شدید نقصان پہنچایا ہے۔ سرحدی تجارت سے وابستہ ہزاروں خاندان معاشی مشکلات کا شکار ہیں

جعفرآباد: ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن سے ہیڈ ماسٹر علی احمد ابڑو کی اسٹاف ممبران کے ہمراہ ملاقات

متعلقہ اسکولوں کو جلد از جلد BEMIS کوڈ جاری کیے جائیں، محمد صلاح پہنور

جعفرآباد (نامہ نگار مقصود احمد مہر) جعفرآباد: ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن جعفرآباد جناب محمد صلاح پہنور سے ڈی او آفس میں گورنمنٹ بوائز مڈل اسکول غلام محمد کے ہیڈ ماسٹر علی احمد ابڑو نے اپنے اسٹاف ممبران زاہد حسین (EST)، صابر حسین (JVT) اور اعجاز علی (JVT) کے ہمراہ ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران اسکول کے BEMIS کوڈ اور SBK کنٹریکٹ ٹیچرز (CTPAP) کے آن لائن Assessment فارم سے متعلق تفصیلی تبادلہ خیال کیا (بقیہ 50 صفحہ 3 پر)

جعفرآباد: ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن جعفرآباد محمد صلاح پہنور سے گورنمنٹ بوائز مڈل اسکول غلام محمد کے ہیڈ ماسٹر علی احمد ابڑو سٹاف ممبران کے ہمراہ ملاقات کر رہے ہیں

میونسپل کارپوریشن صحبت پور کی کارکردگی قابل تعریف ہے، عوامی حلقے

صفائی کا عملہ ہر دن شہر کے مختلف مقامات پر تیزی سے کام کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے

ڈیرہ اللہ یار (بیورو چیف) عوامی حلقوں نے کہا ہے کہ میونسپل کارپوریشن صحبت پور کی کارکردگی قابل تعریف ہے کیونکہ روزانہ کی بنیاد پر شہر میں صفائی ستھرائی کا عمل جاری رکھنا عوام کی نظر میں ایک بہترین اقدام سمجھا جا رہا ہے۔ میونسپل کارپوریشن کا مقصد ہے کہ شہریوں کو گندگی اور تعفن سے بچایا جائے یہی وجہ ہے کہ صفائی کا عملہ ہر دن شہر کے مختلف مقامات پر تیزی سے کام کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے تاکہ گندگی سے وبائی امرض نہ پھیلیں عوامی حلقوں کے مطابق (بقیہ 53 صفحہ 3 پر)

لاڑکانہ میں صدر مملکت آصف علی زرداری کی 71 سالگرہ تقریب

مردحر اور مفاہمت کے بادشاہ آصف علی زرداری ھم کارکنان کے دل کی دھڑکن ھے

نوڈیرو (رپورٹ: عابد بھٹو) پ پ کے کوچیئرمین صدر مملکت آصف علی زرداری کی 71 سالگرہ تقریب شہید محمد مراد بھٹو ہاؤس نوڈیرو پر پ ضلع لاڑکانہ کے سینئر نائب صدر نثار محمد مراد بھٹو کی جانب منعقد کی گئی جس میں میونسپل کمیٹی نوڈیرو کے چیئرمین حاجی عبد الخالق بھٹو، پ پ کے رہنماؤں شہزادو خان چنہ، پروفیسر احمد بخش کپڑا، اکبر نارمچو، سمیع اللہ پھوڑ، مجید پھوڑ، محبوب چنہ، سہیل کریٹو، زاھد میرانی، وحید بھر چونڈ و دیگر نے کثیر تعداد میں شرکت کی اس موقعہ (بقیہ 54 صفحہ 3 پر)

سردار امیر بخش بھٹو سے چچا کی وفات پر تعزیت کا سلسلہ جاری

نوڈیرو (رپورٹ: عابد بھٹو) سردار امیر بخش بھٹو سے چچا کی وفات پر تعزیت کا سلسلہ جاری۔ تفصیلات کے مطابق نواب سردار امیر بخش خان بھٹو سے اُن کے چچا اور نواب (بقیہ 61 صفحہ 3 پر)

فیض الحق مندوخیل (مرحوم) کی فاتحہ خوانی شہباز ٹاؤن، فیز 3، کوئٹہ میں کی جائے گی

کوئٹہ (پ ر) سابق SE (C&W) فیض الحق مندوخیل (مرحوم) کی فاتحہ خوانی بروز بدھ اور جمعرات (29 اور 30 جولائی) ان کی رہائش گاہ شہباز ٹاؤن، فیز 3، کوئٹہ میں کی جائے گی۔ مرحوم، سابق سیکرٹری عبدالخالق مندوخیل اور عبدالرؤوف مندوخیل کے چچازاد (بقیہ 63 صفحہ 3 پر)

بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی عوام کو محفوظ و معیاری خوراک کی یقینی فراہمی کیلئے کارروائیاں

69 خوراک کے مراکز پر جرمانے عائد، 100 سے زائد اصلاحی نوٹسز

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی جانب سے صوبہ بھر میں خوراک کے معیار کو بہتر بنانے اور عوام کو محفوظ و معیاری خوراک کی یقینی فراہمی کیلئے کارروائیاں جاری ہیں۔ اس سلسلے میں اسپیشل ٹیموں نے کوئٹہ، دالبندین، پنجگور، صحبت پور، لورالائی، ژوب، خضدار اور حب میں وسیع پیمانے پر انسپکشنز اور انفورسمنٹ کارروائیاں کیں۔ ترجمان بی ایف اے کے (بقیہ 55 صفحہ 3 پر)

بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ نے عوام کی زندگی اجیرن کر دی ہے، جمعیت چاغی

دالبندین ایک بارڈر کا علاقہ ہے جہاں پہلے ہی کاروبار تباہ ہے

دالبندین (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے ضلعی ترجمان حافظ علی محمد بڑیچ نے اپنی جاری کردہ بیان میں کہا کہ دالبندین میں 48 سے 50 ڈگری کی ناقابل برداشت گرمی میں غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کا مسلسل عذاب عوام پر مسلط کر دیا گیا ہے۔ کبھی "فالٹ" کا جھوٹا بہانہ، کبھی "میٹیننس" کا ڈرامہ رچا کر کیسکو انتظامیہ نے عوام کو یرغمال بنا رکھا ہے۔ جب سے نیا ایس ڈی (بقیہ 56 صفحہ 3 پر)



سیکرٹری ویمن ڈیولپمنٹ سائرہ عطاء وائس چانسلر بیوٹمز یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر خالد حفیظ و دیگر مقررین کو شیلڈ دے رہی ہیں

ڈپٹی کمشنر حب کا ڈی ایچ کیو اسپتال حب کا اچانک دورہ

ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف اور دیگر عملے کی حاضری ہر صورت یقینی بنائی جائے، جمعہ داد خان مندوخیل

حب (خ ن) ڈپٹی کمشنر حب کیپٹن (ر) جمعہ داد خان مندوخیل نے ڈی ایچ کیو اسپتال حب کا اچانک دورہ کر کے مختلف شعبہ جات کا تفصیلی معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف اور دیگر عملے کی حاضری، او پی ڈی کی کارکردگی، لیبارٹری (بقیہ 43 صفحہ 3 پر)

حکومت کی جانب سے متعین کردہ کرایہ صورت باقاعدگی سے ادا کرنا ہوگا، شاہنواز کاکڑ

کارپوریشن کے زیر انتظام تقریباً 90 کھوکے موجود ہیں، جن میں سے 42 کھوکہ مالکان نے اپنے کرائے اور واجبات جمع کروانے شروع کر دیے ہیں

تمام دکانداروں اور کھوکھے والوں کو ایک ہفتے کے اندر ایسا قابلِ عمل شیڈول مرتب کرنا ہوگا جس کے تحت نہ صرف ماہانہ کرایہ باقاعدگی سے جمع کرایا جائے، کمشنر کوئٹہ ڈویژن

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہنواز خان کاکڑ کی زیر صدارت میونسپل کارپوریشن کے زیر انتظام دکانوں اور کھوکوں کے کرایوں، بقایاجات اور دیگر متعلقہ مسائل کے حل کے حوالے سے ایک اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی، ایڈیشنل کمشنر کوئٹہ ڈویژن آغا سمیع اللہ، اسسٹنٹ کمشنر کوئٹہ ریونیو کوئٹہ ڈویژن سید کلیم اللہ، انجمن تاجران کے صدر رحیم کاکڑ کے علاوہ میٹروپولیٹن کارپوریشن (بقیہ 36 صفحہ 3 پر)

لوکل ٹرانسفکیٹ برانچ دشت کو تربت سے تحصیل دشت کے ہیڈ کوارٹر کھڈان منتقل

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی نے عوام کو سرکاری سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنے کے سلسلے میں ایک اہم انتظامی اقدام اٹھاتے ہوئے لوکل ٹرانسفکیٹ برانچ دشت کو تربت سے تحصیل دشت کے ہیڈ کوارٹر کھڈان منتقل کر دیا ہے۔

کھڈ کوچہ میں نافذ کرفیو کا خاتمہ کیا جائے، بی این پی

وہاں پر بے گناہ، نہتے معصوم شہری زیادہ متاثر ہوئے کھڈ کوچہ میں کرفیو کی وجہ سے عوام فاقہ کشی پر مجبور ہو چکے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی بیان میں کھڈ کوچہ اور گرد ونواح میں کرفیو کے وجہ سے غیور عوام کو درپیش مشکلات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ بلوچستان خصوصا بلوچ علاقوں میں زراعت، تجارت نہ ہونے سے معاشی تباہی کے دہانے پر پہنچ چکا ہے کھڈ کوچہ سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں جہاں بھی کرفیو کا نفاذ کیا گیا وہاں پر بے گناہ (بقیہ 45 صفحہ 3 پر)

تربت پولیس نے نامعلوم شخص کی گولیوں سے چھلنی نعش قبضے میں لے لی

تربت (این این آئی) تربت کے علاقے سے پولیس نے نامعلوم شخص کی گولیوں سے چھلنی نعش قبضے میں لے لی۔ پولیس کے مطابق تربت کے علاقے کلاتک سورگ بازار سے ایک نامعلوم شخص کی نعش قبضے میں لے کر ہسپتال پہنچا دیا

گنداواہ میں امن وامان کا قیام ہماری اولین ذمہ داری ہے، عاصم خان

جھل مگسی (این این آئی) ایف سی 151 ونگ جھل مگسی کے کمانڈر کرنل عاصم خان نے گنداواہ کی ہندو میٹی کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ہندو برادری کے نمائندوں سے ملاقات کی اور ان کی عبادت گاہ سمیت مختلف مقامات کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے ہندو برادری کی خیریت دریافت کی

ڈیرہ اللہ یار میں پانی کی قلت، مویشی پالنے والے لوگ پریشان حال

فصلات اور قدرتی سبز گھاس نہ ہونے کی وجہ سے مویشیوں کے لیے چارہ ناپید ہو چکا ہے

ڈیرہ اللہ یار (بیورو چیف) پانی کی قلت کے باعث مویشی پالنے والے لوگ بھی پریشان حال ہو گئے سبز چارہ کے بجائے خشک چارہ جانور کو دینے کی وجہ سے جانور کمزور ہونے لگے ان کا وزن کم ہونے کے باعث ان کی قیمت مویشی منڈی میں کم ہونے کے علاوہ دودھ بھی جانور کم دی رہے ہیں جس کی وجہ سے مویشی پالنے والے افراد کو معاشی طور پر بھی نقصان کا سامنا کرنا (بقیہ 59 صفحہ 3 پر)

مہنگائی، بیروزگاری، بدامنی سے نجات حکومت کی ذمہ داری ہے، پروفیسر حلیم صادق

ملک کو سیاسی استحکام، آئینی بالادستی اور قومی یکجہتی کی اشد ضرورت ہے۔ صوبائی جنرل سیکرٹری

کوئٹہ (پ ر) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے کہا ہے کہ پاکستان اس وقت سیاسی، معاشی اور سماجی چیلنجز سے گزر رہا ہے، جن سے نکلنے کے لیے قومی اتفاقِ رائے، آئین کی بالادستی اور جمہوری اداروں کے استحکام کی اشد ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام مہنگائی، بے روزگاری، امن وامان کی خراب صورتحال اور بنیادی سہولیات کی کمی سے شدید پریشان ہیں، لہٰذا حکومت کو عوامی مسائل کے حل پر فوری اور (بقیہ 57 صفحہ 3 پر)

پانی کے حصول کی جدوجہد میں اپر اور ٹیل کے زمیندار ہمیشہ متحد رہے ہیں، میر امداد جمالی

پانی چوری، غیر قانونی استعمال اور اضافی ٹیوب ویلز کے ذریعے نہری پانی کے استحصال کا فوری نوٹس لیا جائے

گنداخہ: (نامہ نگار) معروف سیاسی وسماجی شخصیت اور سابق چیئرمین میونسپل کمیٹی گنداخہ میر امداد خان جمالی نے کھیتھر کینال سے نکلنے والی ذیلی شاخوں میں زرعی پانی کی شدید قلت پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے محکمہ ایریگیشن سے فوری طور پر پانی کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنانے کا مطالبہ کیا ہے ان خیالات کا اظہار میر امداد خان جمالی نے میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ ایریگیشن کی ناقص پالیسی، خاموشی اور عدم توجہی کے باعث نہری (بقیہ 58 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، شیر کھیل بلوچستان مینا مجید محکمہ کھیل کے امور اور وزیر اعلیٰ فٹ بال گولڈ کپ کی تیاریوں کے سلسلے میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

انجمن تاجران بلوچستان پورے صوبے کی سب سے بڑی اور نمائندہ تاجر تنظیم ہے، رحیم آغا

انجمن تاجران بلوچستان پورے صوبے کی سب سے بڑی اور نمائندہ تاجر تنظیم ہے

کوئٹہ (این این آئی) انجمن تاجران بلوچستان (رجسٹرڈ) نے میٹروپولیٹن کارپوریشن کے کرایہ داروں کے معاملے پر کمشنر کوئٹہ کی زیر صدارت ہونے والے اجلاس کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبے کی سب سے بڑی نمائندہ تاجر تنظیم کو دانستہ طور پر نظر انداز کیا گیا (بقیہ 64 صفحہ 3 پر)

پائٹ کالج سریاب روڈ کوئٹہ میں پروقار تقریبِ حلف برداری

اکادمی ادبیات پاکستان کے دروازے فورم اور اس کے ادبی پروگراموں کیلئے ہمیشہ کھلے رہیں گے

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان رائیٹرز فورم کے زیر اہتمام پائٹ کالج سریاب روڈ کوئٹہ میں ایک پروقار تقریبِ حلف برداری اور مشاعرہ منعقد ہوا، جس میں بلوچستان بھر سے شعراء، ادباء، دانشوروں، مختلف ادبی تنظیموں کے نمائندوں اور ادب دوست شخصیات نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب کا آغاز حسن ندیم کی تلاوت کلام پاک سے ہوا، جبکہ ناصر ندیم اور حیدر عاطش (بقیہ 62 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، شیر کھیل بلوچستان مینا مجید محکمہ کھیل کے امور اور وزیر اعلیٰ فٹ بال گولڈ کپ کی تیاریوں کے سلسلے میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

غیر اعلانیہ طویل لوڈشیڈنگ نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے، مولانا رفیق

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے شہری بنیادی شہری سہولیات کے شدید بحران کا شکار ہیں

امن وامان کی طرح بنیادی سہولیات بھی صرف ریڈ زون تک محدود ہو کر رہ گئی ہیں، امیر جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، ڈپٹی سیکرٹری جنرل حاجی بشیر احمد کاکڑ، حافظ شبیر احمد مدنی، حاجی رحمت اللہ کاکڑ، سید حاجی عبدالواحد آغا، حافظ مسعود احمد، حاجی محمد قاسم خلجی، حاجی ولی محمد بڑیچ، صفی اللہ مینگل اور شاہ زاہد مشوانی نے کہا ہے کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے شہری بنیادی شہری سہولیات (بقیہ 37 صفحہ 3 پر)

قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر پشتونخوا میپ کے چیئرمین محمود اچکزئی 28 جولائی کو پریس کانفرنس کرینگے

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین و تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی 28 جولائی بروز منگل شام 5 بجے پریس کلب کوئٹہ میں پریس کانفرنس سے خطاب کرینگے۔

شاعر فقیر امداد علی میرانی کی ریٹائرمنٹ پر نوڈیرو پریس کلب کی جانب سے تقریب

سچا اور محنتی استاد کا بنیادی فرض اور کام بچوں کو پڑھانا ہے، صدیق حاجن بھٹو

نوڈیرو (رپورٹ: عابد بھٹو) گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول نمبر 1 نوڈیرو کے پرائمری ٹیچر اور شاعر فقیر امداد علی میرانی کی ریٹائرمنٹ پر نوڈیرو پریس کلب کی جانب سے تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب میں مہمان خصوصی فنانشل لیگ لاڑکانہ ڈسٹرکٹ کے صدر محمد صدیق حاجن بھٹو، جنرل سیکرٹری عطا محمد حب، فقیر یار محمد منلغیو، نسیم احمد منلغیو تھے۔ مقررین نے فقیر امداد علی میرانی (بقیہ 67 صفحہ 3 پر)

حکومت بلوچستان نے بیوروکریسی میں تقرر وتبادلوں کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان حکومت نے بیوروکریسی میں تبادلوں کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا چیف سیکرٹری بلوچستان کے دفتر سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق تعیناتی کے منتظر نور احمد پرکانی کو سیکرٹری ماحولیات، سائرہ عطاء کو کمشنر لسبیلہ ڈویژن، شیر شاہ غلزئی کو (بقیہ 66 صفحہ 3 پر)

پانی ٹینکرز کو تنگ کرنا عوام کو سزا دینے کے مترادف ہے، سید صادق آغا

واسا پانی فراہم کرنے میں ناکام ہو چکا ہے۔ پرائیویٹ ٹینکرز پر گزارا ہے۔ صوبائی نائب صدر

کوئٹہ (پ ر) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے کوئٹہ میں پانی کے شدید بحران پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ادارہ واسا اربوں روپے کے وسائل خرچ کرنے کے باوجود شہریوں (بقیہ 69 صفحہ 3 پر)

ایف سی 114 ونگ کی سیلاب متاثرین کی بروقت امدادی کارروائیاں، راشن، ٹینٹ اور ضروری سامان تقسیم

**ایف سی 114 ونگ ہر مشکل وقت میں عوام کے شان